# سالانہ اجلاسِ عام AGM (2024)

آپ کا اعتماد ہمارا اثاثہ

mpchs

# ملٹی پروفیشنلز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی، اسلام آباد

**Ref No. MP/MC/IG/TG/MG/ROS/NL/49/2024** **Date: 15-11-2024**




## ملٹی نیوز لیٹر

## نومبر 2024

**معزز ممبران السلام وعلیکم!**

گذشتہ سالانہ اجلاس عام (AGM) مورخہ 13 دسمبر 2023ء کے بعد ملکی حالات میں غیر معمولی تبدیلی سامنے آئی جس سے سوسائٹی بھی متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکی۔ تمام ممبران نے بھی ان حالات کو بخوبی محسوس کیا ہوگا۔ خاص طور پر پراپرٹی کے حوالے سے نت نئے قوانین اور ٹیکسز کی بھرمار روزمرہ کا معمول بن گئی۔ اس عرصے میں معیشت کے جس حصے کو سب سے زیادہ نقصان پہنچا وہ رئیل اسٹیٹ کا شعبہ تھا۔ پورے ملک میں اس کاروبار میں دلچسپی رکھنے والے لوگوں کی شرح بہت کم رہ گئی۔ ان تمام تر نامساعد حالات کے باوجود انتظامیہ نے بھرپور کوششوں اور شبانہ روز محنت کی جس کی وجہ سے ہماری سوسائٹی کے دیگر سکیموں اور سوسائٹیوں کے مقابلے میں بہتر حالات رہے۔ ہر سکیم میں جو ترقیاتی کام کئے گئے اور ممبران کو سہولیات پہنچائی گئیں ان کی تفصیل حسب ذیل ہے۔




## ''اسلام آباد گارڈنز'' CDA سیکٹر E-11/3 فیز I اور E-11/1 فیز II

جیسا کہ آپ جانتے ہیں ''اسلام آباد گارڈنز'' E-11/3 فیز I اور E-11/1 فیز II دونوں رہائشی سکیمیں ہر اعتبار سے مکمل ہیں۔ یہ آباد سکیمیں ہیں جہاں لوگ رہائش پذیر ہیں۔ سکیورٹی کا عملہ روزمرہ کے معاملات کی دیکھ بھال پر مامور ہے۔ یہ دونوں سکیمیں اس علاقے کی سب سے خوبصورت اور منظّم رہائشی سکیمیں ہیں۔ جس کا زمانہ معترف ہے۔ ان سکیموں میں ممبران نے جہاں بھی کیمروں کی تنصیب کی نشاندہی کی وہاں کیمرے لگوائے جا چکے ہیں۔ اس کے علاوہ ماحولیاتی تقاضوں پر خصوصی توجہ دی گئی ہے۔ جس سے سکیم میں خوبصورتی کے اضافے کے ساتھ ساتھ صحتمند ماحول نمایاں نظر آرہا ہے۔ وقت کے ساتھ ساتھ چند گلیاں اور سڑکوں کا اسفالٹ درکار ہے جسے منظور کیا جا چکا ہے۔ جو کنٹریکٹر کی عدم دستیابی اور مالی معاملات کی وجہ سے تاخیر کا شکار ہوا۔ اسے انشاءاللہ آئندہ جلد ہی مکمل کروا دیا جائے گا۔

ممبران کے مسائل کو ان کے دروازے پر حل کرنے کیلئے انتظامیہ کمیٹی باقاعدگی سے سائٹ آفس میں ممبران سے ملاقات کرتے ہیں اور ان کے مسائل کے حل کیلئے فوری اقدامات کرتے ہیں۔

سی ڈی اے کی ڈائریکٹوریٹ آف Sanitation کی ایک ٹیم نے اسلام آباد گارڈنز E-11/3 اور E-11/1 کا دورہ کیا اور صفائی کے معیار/کوڑا اٹھانے کے عمل/مقرر کردہ جگہ کو چیک کیا جہاں کوڑا کرکٹ کو الگ کیا جاتا ہے اور پھر اسے مناسب جگہ پر پھینکا جاتا ہے۔ ٹیم صفائی ستھرائی کے طریقوں کے ساتھ ساتھ اسکیم کے بنیادی ڈھانچے کو برقرار رکھنے کے اعلیٰ معیارات سے پوری طرح مطمئن ہے۔

برائے مزید معلومات و رابطہ سائٹ انچارج سعد ساجد 0320-8521970۔ فون: 051-2228522









# ”ٹیلی گارڈنز“ CDA سیکٹر F-17 اسلام آباد

AGM 2024

ٹیلی گارڈنز F-17 سکیم زون IV کی واحد سکیم ہے جو ضابطوں اور مروجہ قوانین کے تمام تقاضے پوری کرتی ہے۔ سکیم میں ترقیاتی کام مکمل ہیں اور ان کی بہترین انداز میں دیکھ بھال کی جا رہی ہے۔ سیکورٹی کو مزید بہتر اور فعال بنایا گیا ہے۔ گذشتہ سالانہ اجلاس عام کے بعد ممبران کی ضرورت کو مدِنظر رکھتے ہوئے PTCL کی حدود سے ملحقہ گلی نمبر 13 میں ایک پری فیبر یکیٹڈ جامع مسجد حضرت علیؓ تیار کی گئی جو مکمل طور پر آباد ہے۔ گلی نمبر 19 میں سیکورٹی چیک پوسٹ بنائی گئی۔ اس کے علاوہ کمیونٹی سنٹر کی تعمیر بھی جاری ہے جس کا 50 فیصد سے زائد کام مکمل ہو چکا ہے۔

سکیم کے اندر خواتین کے لئے علیحدہ ایک پارک تعمیر کیا گیا ہے جہاں ہر وقت خواتین اور بچوں کی گہما گہمی نظر آتی ہے۔ خواتین کی حوصلہ افزائی کیلئے ایک مینا بازار کا بھی اہتمام کیا گیا جس کو F-17 کی خواتین نے بے حد سراہا۔ ملٹی کے ہسپتال کو ممبران اور رہائشی حضرات کی خواہش کے مطابق ایک پارٹی ”گرین میڈی کیئر“ کو سونپ دیا گیا تاہم اسے مزید بہتر بنانے کیلئے اقدامات ضروری ہیں جس کے لئے انتظامیہ ایک پلان پر غور کر رہی ہے۔ سکیم کے کچھ ایریا میں سڑکوں کی اسفالٹ کی ضرورت ہے جسے نئے کنٹریکٹر کے انتخاب اور مالی حالات کو مدِنظر رکھتے ہوئے شروع کر دیا جائے گا۔ ڈینگی کے خاتمے کیلئے سوسائٹی میں تقریباً ہر روز اسپرے کئے جا رہے ہیں۔ ممبران کی خواہش پر سیکٹر کی گلی نمبر 23 میں واٹر فلٹریشن پلانٹ تعمیر کیا گیا ہے اور قبرستان کے راستے کیلئے زمین حاصل کر لی گئی ہے جسے اب پختہ کروایا جائے گا۔ قبرستان میں وضو اور نماز کی سہولت موجود ہے جسے ممبران کی مشاورت سے مزید بہتر کیا جائے گا۔ مختلف گلیوں اور چوکوں پر نئے CCTV کیمرے لگائے گئے ہیں۔ سیکٹر میں تمام بجلی کے ٹرانسفارمر اور DB باکس کی مرمت اور پینٹ کروائے گئے ہیں۔ سیکٹر میں سٹریٹ نمبر 13 سے لے کر سٹریٹ نمبر 22 تک 2050 فٹ نئی سیکورٹی فینس لگائی گئی ہے۔ تمام پارکوں کے جھولے تبدیل کروائے گئے ہیں۔ STP پوری طرح فعال ہے۔ پوری سکیم میں صفائی و ستھرائی کے علاوہ شجر کاری پر بھرپور توجہ دی گئی ہے۔ سکیم کی موجودہ صورتحال اطمینان بخش ہے اور ایک خوبصورت آبادی کا نظارہ پیش کر رہی ہے۔ انہیں مزید بہتر بنانے کیلئے دن رات ممبران سے ہمہ وقت رابطے میں ہیں۔ ممبران کے مسائل کو ان کے دروازے پر حل کرنے کیلئے انتظامیہ کمیٹی باقاعدگی سے سائٹ آفس میں ممبران سے ملاقات کرتے ہیں اور ان کے مسائل کے حل کیلئے فوری اقدامات کرتے ہیں۔

برائے مزید معلومات و رابطہ سائٹ انچارج نعمان ساجد 0323-5100323 ۔ فون: 051-2161110









# ''ملٹی گارڈنز'' B-17 سکیم فیز I

ملٹی گارڈنز **B-17** سکیم سوسائٹی کا ایک شاہکار منصوبہ ہے جہاں مسلسل ترقیاتی اور فلاحی سرگرمیاں جاری رہتی ہیں۔ چند نمایاں سرگرمیاں حسبِ ذیل ہیں:۔

☆......مجموعی طور پر سکیم میں صفائی ستھرائی کی ایک سکیم چلائی گئی جو کافی حد تک مکمل ہو چکی ہے بقایا آئندہ چند روز تک مکمل کر لی جائے گی۔

☆......کوڑا کرکٹ اٹھانے والی کمپنی کے معاہدے کی تجدید کی جا چکی ہے۔

☆......ڈینگی کے موذی مرض کی روک تھام کیلئے باقاعدہ سپرے کا انتظام موجود ہے جبکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے سائٹ آفس میں ٹرینڈ عملہ، ادویات وغیرہ مہیا کی جا چکی ہیں۔ خاص طور پر سانپ جیسے موذی جانور اور باولے کتے کے کاٹنے کی دوا جو بیشتر ہسپتالوں میں نایاب ہے انتظامیہ نے سائٹ آفس میں اس کا بندوبست کیا ہوا ہے۔

☆......پنک بسوں کی سروس شروع کروائی گئی جنھیں مطلوبہ سہولیات مہیا کرنے کی وجہ سے بلاک ای اور بلاک ایف سے اجراء ممکن ہوا جو تمام رہائشی بلاکوں کیلئے بہترین سہولت کا آغاز ہے۔

☆......جہاں جہاں ممبران نے رہنمائی کی وہاں سی سی ٹی وی کیمروں کی تنصیب مکمل کی گئی۔

☆......بلاک **A** اور بلاک **B** میں پانی کی سپلائی لائن بچھوائی گئی اور فراہمی جاری ہے۔ دیگر بلاکوں میں نئے کنٹریکٹر کے آنے کے بعد اسے مکمل کیا جائے گا۔

☆......سکیم کے اندر سوئی گیس لیک ہونے سے سوسائٹی بہت زیادہ مسائل کا شکار ہوئی۔ نوبت یہاں تک پہنچی کہ سوئی گیس کمپنی نے مکمل طور پر گیس بند کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ انتظامیہ نے متواتر کمپنی سے رابطے کے بعد پوری سکیم میں گیس کی لیکیج کی نشاندہی کا کام شروع کروایا۔ بلاک **A** اور **B** میں تقریباً کام مکمل ہو چکا ہے۔ جبکہ دیگر بلاکوں میں بھی عنقریب مکمل کر لیا جائے گا۔ جہاں ملٹی کا نام لیکیج کے حوالے سے سوئی گیس کمپنی میں سرفہرست تھا اب اس کی پوزیشن بہتر علاقوں میں ظاہر کی جا رہی ہے۔

☆......ملٹی کلب کو چلانے کیلئے ماہرین کا انتخاب قواعد وضوابط کے تحت مکمل کر لیا گیا۔ یہ کلب ''یونی کورن پریسٹیج کمپنی'' چلائے گی جو اسے ضروری تزئین و آرائش کے بعد ممبرز کیلئے جلد کھول دیں گے۔









☆......سکیم کے اندر مشہور برانڈز کو ترغیب دی گئی جس کے نتیجے میں کئی ریسٹورنٹ اور **D.Watson** جیسے مشہور نام سوسائٹی میں آئے۔

☆......سکیم کے اندر چڑیا گھر پورے علاقے کی توجہ کا مرکز بنا ہوا ہے۔ جہاں ملک کی ممتاز شخصیات اپنے بچوں کے ہمراہ دکھائی دیتے ہیں۔ جو سوسائٹی کیلئے ایک اعزاز کی بات ہے۔

☆......حال ہی میں خواتین کیلئے بہت بڑے پیمانے پر تعلیمی اداروں کے اشتراک سے ایک پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں ایمبسڈر اور مختلف معزز شخصیات کے علاوہ عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ یہ سلسلہ آئندہ بھی جاری رہے گا۔ اسی طرح مختلف تعلیمی ادارے اور سلطان باہو ٹرسٹ نے اپنے طور پر تفریحی سرگرمیوں کا انعقاد کیا۔ جسے لوگوں نے بے حد سراہا۔

☆......انتظامیہ نے ممبران کے تعاون سے وزارتِ تعلیم اور وفاقی نظامتِ تعلیمات سے مسلسل رابطہ کر کے دو **F.G** سکولز کیلئے آئندہ مالی سال میں فنڈز کے اجراء کی یقین دہانی حاصل کی ہے۔ امید ہے کہ آئندہ مالی سال کے دوران **F-17** اور **B-17** میں سرکاری سکولوں کی تعمیر شروع کر دی جائے گی۔

☆......اسی کے ساتھ ساتھ سکیم کو سرسبز اور شاداب بنانے کیلئے کئی منصوبے زیرِ غور ہیں۔ جو آئندہ آنے والے وقت میں حقیقت کی شکل میں نظر آئیں گے۔

☆......بلاک **D** اور **E** میں بجلی کا زیرِ زمین نظام تکمیل کے آخری مراحل میں ہے۔

☆......ممبران کے مسائل ان کے دروازے پر حل کرنے کیلئے انتظامیہ کمیٹی کے ممبران باقاعدگی کے ساتھ ممبران سے ملاقات کرتے ہیں اور ان کے مسائل کے فوری حل کیلئے ضروری اقدامات کرتے ہیں۔

☆......سی ڈی اے کی ڈائریکٹوریٹ آف **Sanitation** کی ٹیم نے **B-17** سکیم کا بھی دورہ کیا اور ویسٹ پروسیسنگ پلانٹ کو تفصیلی پریزنٹیشن کے ساتھ چیک کیا۔ انہوں نے پوری سکیم کے انفراسٹرکچر اور ویسٹ ٹریٹمنٹ پلانٹ کی منفرد سہولت کو بھی سراہا۔



برائے مزید معلومات و رابطہ سائٹ انچارج ندیم اختر ستی 0324-5048490۔ فون: 051-5203040






# ملٹی ریذیڈنشیا و آرچرڈ فارم ہاؤسنگ سکیم

ملٹی ریذیڈنشیا و آرچرڈ فارم ہاؤسنگ سکیم میں حال ہی میں ''سرسید کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی'' کے انضمام کا کام مکمل ہو چکا ہے۔ تعلیم کو فروغ دینے کیلئے سوسائٹی میں مزید سکولوں کی تعمیر کا کام شروع ہو گیا ہے۔ بلاک D میں بجلی کا کام شروع ہو چکا ہے۔ سکیم کی خوبصورتی کو مزید بہتر بنانے کیلئے نئے پودے لگائے گئے ہیں اور شجر کاری بھی کی گئی ہے۔ سکیم میں 64 کنال پر اسلام آباد طرز کا قبرستان بنایا گیا ہے جو کہ مکمل طور پر فعال ہے۔ تمام فلٹریشن پلانٹس کو اپ گریڈ کیا گیا ہے۔ بلاک D کے پارک میں نئے بینچ لگائے گئے ہیں۔ CURVE سٹون کا پینٹ اور لائن مارکنگ کی جا رہی ہے۔ بلاک C میں کمرشل پلازہ کی تعمیر جاری ہے۔ ممبرز کے لئے خوشخبری ہے کہ ہم نے سوسائٹی ممبرز کے ساتھ مل کر کوئلہ کا کیس ہائی کورٹ سے جیت لیا ہے اور کورٹ کی ڈائریکشن ہیں کہ چار ہفتوں کے اندر اندر کوئل سٹیکس کو ہٹایا جائے۔ سکیم میں تمام خالی پلاٹوں کی صفائی کر دی گئی ہے۔ تمام کمرشل اور رہائشی ایریا کی سالانہ مینٹیننس کر دی گئی ہے۔ سیکٹر میں CCTV سسٹم کو مزید فعال بنانے کیلئے مزید کیمرے نصب کئے جا رہے ہیں۔ بلاک C کی ایکسٹینشن کر دی ہے جہاں ڈیولپمنٹ کا کام تیزی سے جاری ہے۔

ڈینگی وائرس کے خاتمے کیلئے سکیم میں اسپرے کئے جا رہے ہیں۔ بجلی کی تاروں کو انڈر گراؤنڈ کیا گیا ہے۔ روانہ کی بنیاد پر ڈاخانہ کی سروس جاری ہے۔ بلاک C کی ایکسٹینشن پر کام جاری ہے۔ سوسائٹی میں نئے پارکس کی تعمیر بھی شروع کی جا رہی ہے۔ مسجدوں کی رینوویشن پر بھی کام جاری ہے۔ اس کے علاوہ سکیم میں سائٹ آف کی تزئین و آرائش بھی کی گئی ہے۔ وہ ممبران جن کے گھروں کی تعمیر ابھی تک نامکمل ہے ان سے گذارش ہے کہ وہ فوری طور پر باقی ماندہ کام مکمل کریں تا کہ سکیم اور اِردگرد کے ماحول کو خوبصورت بنایا جا سکے۔ اسکے علاوہ وہ تمام ممبران جنہوں نے صرف فارم ہاؤسنگ کے گرد چار دیواری کی ہے وہ بقایہ عمارت ملٹی کے بلڈنگ رولز کے مطابق جلد از جلد تعمیر کریں۔ چار دیواری کی ایسی تعمیر جو سکیم کی خوبصورتی اور اِردگرد کے ماحول کو متاثر کرتی ہو وہ سوسائٹی کے BCS سے رابطہ کریں اور ان کے مشورہ اور رہنمائی کے ساتھ اس کی خوبصورتی میں اضافہ کریں۔

ممبران کے مسائل ان کے دروازے پر حل کرنے کیلئے انتظامیہ کمیٹی کے ممبران باقاعدگی کے ساتھ سائٹ آفس میں ممبران سے ملاقات کرتے ہیں اور ان کے مسائل کو حل کرنے کیلئے ضروری اقدامات کرتے ہیں۔

برائے مزید معلومات و رابطہ سائٹ انچارج ارسلان اکبر 0332-5755807 ۔ فون: 051-4868000










# ”ملٹی گارڈنز“ سکیم فیز II

AGM 2024

سوسائٹی نے ملٹی گارڈنز فیز II کے نام سے مین چکری روڈ کی ایک خوبصورت لوکیشن پر نئی سکیم لانچ کی تھی۔ جہاں تقریباً **10000** کنال زمین خریدی جا چکی ہے۔ جبکہ زمین کی خریداری کا عمل مسلسل جاری ہے۔ یہ سکیم راولپنڈی رنگ روڈ **(RRR)** کے چکری روڈ انٹرچینج کے اوپر واقع ہے۔ جہاں سے رابطے کیلئے اسلام آباد راولپنڈی انٹرنیشنل ایئرپورٹ اسلام آباد، موٹروے **M2**، موٹروے **M1**، ڈی آئی خان، میانوالی موٹروے کے ساتھ منسلک ہے اور یوں مستقبل میں پورے ملک کے ساتھ اس کا زمینی رابطہ رہے گا۔ پہلے مرحلے میں ممبرشپ شروع کی گئی تھی جسے اب ضابطے کی کاروائیاں مکمل ہونے کے بعد دوبارہ کھولا جائے گا۔ یہ سکیم ہر اعتبار سے مستقبل میں انتہائی اہمیت کی حامل ہوگی۔ اس لئے کہ اب شہری آبادی کا رجحان آسان اور تیز ترین رابطوں کے ذرائع کے اوپر منحصر ہے۔

موٹروے **M1** ٹھلیاں اور چکری انٹرچینج پر ”کیپیٹل سمارٹ سٹی انٹرچینج“ آپریشنل ہوگیا ہے جہاں سے ”ملٹی گارڈنز فیز **ii**“ سکیم کی مسافت چند منٹ کی دوری پر ہے۔

**جن ممبران نے ابھی تک اقساط جمع نہیں کروائیں وہ سوسائٹی سے رابطہ کر کے جلد از جلد اپنی اقساط جمع کروائیں**

برائے مزید معلومات و رابطہ سائٹ انچارج لیفٹیننٹ کرنل (ر) سید عامر حسین محسن **0347-4232323**





# اطلاع برائے اجلاس عام (AGM)

"اسلام آباد گارڈنز سیکٹر E-11"۔ "ٹیلی گارڈنز سیکٹر F-17" ۔ "ملٹی گارڈنز B-17 سکیم فیز-I"۔ "ملٹی گارڈنز سکیم فیز-II" اور "ملٹی ریذیڈنشیا و آرچرڈز فارم ہاؤسنگ" پراجیکٹ کے ممبران متوجہ ہوں۔

ملٹی پروفیشنلز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی اسلام آباد کی سکیموں ''اسلام آباد گارڈنز'' سیکٹر E-11/3 فیز-I۔ اسلام آباد گارڈنز سیکٹر E-11/1 فیز-II اسلام آباد، ''ٹیلی گارڈنز سیکٹر F-17'' اسلام آباد ''ملٹی گارڈنز B-17 سکیم فیز-I''۔ ''ملٹی گارڈنز سکیم فیز-II'' اور ملٹی ریذیڈنشیا و آرچرڈز فارم ہاؤسنگ پراجیکٹ کے تمام ممبران کا **سالانہ اجلاس عام (AGM) مورخہ 18 دسمبر 2024 بروز بدھ۔ بوقت دن 12:30 بجے بمقام ''ملٹی ریذیڈنشیا و آرچرڈز فارم ہاؤسنگ پراجیکٹ (ROS)''** میں منعقد ہوگا۔ تمام ممبران سے شرکت کی پرزور درخواست کی جاتی ہے۔ ممبران کی آسانی کیلئے GPO صدر راولپنڈی، بیریئر نمبر 3 واہ کینٹ، ٹیلی گارڈنز سیکٹر F-17، ملٹی گارڈنز B-17 سکیم فیز I اور ملٹی مینشن G-8 مرکز اسلام آباد ہیڈ آفس سے براستہ E-11/3 اجلاس عام میں شرکت کیلئے ٹرانسپورٹ کا انتظام کیا جائے گا۔

AGM میں شرکت کی اہلیت ۔ ایسے ممبران جن کے نام سوسائٹی کی طرف سے جاری شدہ لسٹ میں موجود ہوں AGM میں شرکت کے اہل ہوں گے۔ نیز سوسائٹی ممبران کے لئے ثبوت کے طور پر نادرا کا اصل شناختی کارڈ، ادائیگی رقم کی رسید کے ساتھ/ اصل الاٹمنٹ لیٹر یا ٹرانسفر لیٹر ہمراہ لانا لازمی ہے۔

## مجوزہ ایجنڈہ

(1) تلاوت کلام پاک ۔ (2) صدر کا خطبہء استقبالیہ۔ (3) سوسائٹی کی کارکردگی رپورٹ ۔ (4) کاروائی گذشتہ اجلاس عام منعقدہ 13-12-2023 کی توثیق ۔ (5) سابقہ AGM مورخہ 13-12-2023 سے مورخہ 18-12-2024 تک داخل و خارج کئے گئے ممبران کی توثیق/منظوری۔ (6) آڈٹ رپورٹ سال 2023-2024 اور بجٹ مالی سال 2024-2025 کی منظوری ۔ (7) ملٹی گارڈنز فیز-ii کی فائلیں ضم کرنے کی منظوری۔ (8) مختلف افراد۔ کمپنیوں۔ ڈویلپرز کنٹریکٹرز اور کنسلٹنٹس کے ساتھ سوسائٹی کے منصوبوں پر عمل درآمد کے سلسلے میں کئے گئے نئے ترمیمی اور توسیعی معاہدوں اور ڈویلپمنٹ کے بلات کی منظوری۔ (9) ملٹی کلب کو چلانے کیلئے میسرز ''یونی کارن پریسٹیج'' کے ساتھ معاہدے کی منظوری ۔ (10) سوسائٹی میں نئے ملازمین کی تقرری، انکی تنخواہوں، پرموشن اور برخاستگی کی منظوری۔

(11) سوسائٹی کی مختلف سکیموں کے لئے اراضی کے تبادلہ اور خرید کی گئی اراضی و قبضہ اور آبادیوں اور لینڈ سکیپنگ کے لئے کئے گئے معاہدوں اور ادا کی گئی رقوم کی منظوری۔ (12) تمام سکیموں میں فروخت کئے گئے رہائشی، کمرشل، شاپنگ سنٹر، ہسپتال، سکول، اپارٹمنٹ، مکس یوز ڈویلپمنٹ پلاٹوں اور ان کی قیمت کی منظوری۔ (13) تمام سکیموں کے رہائشی اور کمرشل پلاٹوں کی قیمتوں میں کئے گئے اضافے کی منظوری۔ (14) رہائشی اور کمرشل پلاٹ کے واجبات ادا نہ کرنے والے ممبران کے پلاٹ منسوخ/تبدیل کرنے کی منظوری۔ (15) سوسائٹی کی طرف سے اب تک ادا کئے گئے تمام Rebate / پریمیم کی منظوری۔ (16) وقفہ سوالات ۔ (17) دیگر کسی بھی مسئلہ پر صدر سوسائٹی کی پیشگی منظوری سے گفتگو۔ (18) اجلاس کے اختتام پر تناول ماحضر۔

☆......☆......☆

**منجانب: انتظامیہ کمیٹی**

AGM 2024

**نوٹ:** تبدیلی ایڈریس اور فون نمبر کی صورت میں رابطہ: عامر ایاز علی 0300-5276817

ممبران سے گزارش ہے کہ اپنے ہمراہ فیملی یا دوستوں کو لانے سے گریز کریں اور ہمیں شرمندگی سے بچائیں


**Multi Professional's Cooperative Housing Society (MPCHS), Islamabad-Pakistan**

Multi Mansion, G-8 Markaz,
Islamabad - Pakistan
**UAN: 051 111 631 632**

051-2254115, 2253470, 2261204,
2255875, 2255853, 2255501,
2255113, 2254448, 2850640

For More Information Contact
Mr. Aamir Ayaz Ali 0300-5276817
Ali Shan 0332-5514842

www.mpchs.com

info@mpchs.com